112139 ـ سوموار اور جمعرات کا اکٹھا روزے نہ رکھ سکے تو کیا صرف سوموار کا روزہ رکھ لیا جائے ؟

سوال

میں کچھ مخصوص اسباب کی بنا پر جمعرات کا روزہ نہیں رکھ سکتا، تو کیا صرف ہر ہفتہ میں سوموار کا روزہ رکھنا ہی کافی ہو گا یا کہ سوموار اور جمعرات دونوں روزے رکھنا ضروری ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہفتہ میں دو مذکورہ یوم کے روزوں میں سے ایك روزہ رکھنے میں کوئی حرج نہیں، ان ایام کے روزے رکھنا سنت ہے واجب نہیں، اس لیے جو سوموار اور جمعرات دونوں روزے رکھتا ہے تو اس نے خیر عظیم والا عمل کیا، اور دونوں کو جمع کرنا اور دونوں روزے رکھنا واجب نہیں.

بلکہ ہفتہ میں دونوں روزے رکھنا مستحب ہیں، اس لیے کہ صحیح احادیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ دونوں روزے رکھنا ثابت ہیں "

اللہ سبحانہ و تعالی ہی توفیق نصیب کرنے والا ہے " انتہی .